''ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں آپ اکیلے ہیں، آپ کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے ملک ہے اور اسی کے لیے حمد ہے اور آپ ہر چیز پر بھرپور قادر ہیں۔ میرے رب! اس رات میں جو خیر ہے اور جو اس کے بعد میں خیر ہے ۔ میں آپ سے اس کا سوال کرتا ہوں اور اس رات کے شر سے اور اس کے بعد کے شر سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں۔ میرے رب ! میں سستی اور بڑھاپے کی برائی سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں، میرے رب ! میں آگ کے عذاب اور قبر کے عذاب سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں۔''

① مسلم٢٧٢٣؛ ابوداود:٥٠٧١؛ ترمذی:٣٣٩١۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑨، ⑩ اَللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

''اللہ! آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم نے صبح کی اور آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم نے شام کی اور آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم مریں گے اور آپ کی ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔''

شام کے وقت یہ الفاظ یہ پڑھے جائیں:

اَللّٰهُمَّ بِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ ①

''اللہ! آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم نے شام کی، آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم نے صبح کی، آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم زندہ ہیں اور آپ کے ہی نام کے ساتھ ہم مریں گے اور آپ کی ہی طرف (قبور سے) اٹھ کر جانا ہے۔''

⑪ سید الاستغفار کی برکات

جس شخص نے ایمان و یقین کے ساتھ شام کو سید الاستغفار پڑھا ہو اگر وہ رات کو فوت ہو جائے تو جنت میں داخل ہوگا۔ اور جس شخص نے صبح کو یہ کلمات پڑھے اور اسی دن اس کی وفات ہو جائے تو جنت میں داخل ہوگا:

---

① ابوداود:٥٠٦٨؛ترمذی:٣٣٩١؛ابن ماجة:٣٨٦٨۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَااسْتَطَعْتُ ،اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ و اَبُوْٓءُ لَكَ بِذَنْبِیْ، فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ①

''اللہ! آپ ہی میرے رب ہیں، آپ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں آپ نے مجھے پیدا کیا اور میں آپ کا بندہ ہوں اور میں آپ کے عہد اور وعدے پر (قائم) ہوں جس قدر طاقت رکھتا ہوں، میں اس عمل کے شر سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں جو مَیں نے کیا۔ میں اپنے آپ پر آپ کی نعمت کا اقرار کرتا ہوں، اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس مجھے بخش دیجیے کیونکہ آپ کے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔''

⑫ جو شخص صبح وشام درج ذیل کلمات (سات مرتبہ) ادا کرے اللہ تعالیٰ اس کی پریشانیوں میں اس کے لیے کفایت کریں گے:

﴿حَسْبِیَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۱۲۹﴾②

''مجھے اللہ ہی کافی ہیں، اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں نے اسی پر بھروسا کیا اور وہ عرش عظیم کے رب ہیں۔''

① بخاری:٦٣٠٦۔ ② ٩/ التوبۃ:١٢٩؛ابوداود:٥٠٨١۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑬ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِيْنِي وَدُنْيَايَ وَأَهْلِي وَمَالِيْ. اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ۔ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِيْنِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَأَعُوْذُ بِعَظْمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي①

’’اللہ! میں آپ سے دنیا اور آخرت میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اللہ! میں اپنے دین، اپنی دنیا، اپنے اہل اور اپنے مال میں آپ سے معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اللہ! میری پردے والی چیزوں پر پردہ ڈال دیجیے اور میری گھبراہٹوں کو امن میں رکھیں، اللہ! میرے سامنے سے، میرے پیچھے سے، میری دائیں طرف سے اور میری بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے میری حفاظت کیجیے اور میں آپ کی عظمت کی پناہ چاہتا ہوں۔ اس بات سے کہ اچانک اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔‘‘

⑭ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے وہ کلمات سکھائیں جو میں صبح وشام پڑھا کروں۔ آپ نے فرمایا: ابوبکر پڑھیے:

اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ، أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ

① ابو داود: ٥٠٧٤؛ ابن ماجة: ٣٨٧١۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَ شِرْكِهٖ، وَ اَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءً اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ ①

''اللہ! اے غیب اور حاضر کو جاننے والے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے ہر چیز کے پروردگار اور مالک! میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے شر اور اس کے شرک سے اور اس بات سے کہ میں اپنے آپ کو کسی برائی میں ملوث کروں یا کسی دوسرے مسلمان کو کسی برائی میں ملوث کروں۔''

⑮ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ②

''اللہ کے نام کے ساتھ، جس کے نام کے ساتھ زمین و آسمان میں کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی اور وہی خوب سننے والے، خوب جاننے والے ہیں۔''

⑯ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهٗ، وَلَاتَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ ③

''زندہ رہنے والے! قائم رکھنے والے! میں آپ کی ہی رحمت سے فریاد

① ترمذی: ۳۳۹۲ ـ ② ترمذی:۳۳۸۸؛ بیہقی ۳۸۶۹۔
③ السنن الکبری للنسائی:٦/ ١٤٧؛حاکم:۲۰۰۰۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کرتا ہوں میرے تمام کام درست کر دیجیے اور آنکھ جھپکنے کے برابر بھی مجھے میرے نفس کے سپرد نہ کیجیے۔"

⑰ أَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْإِسْلَامِ وَ عَلٰى كَلِمَةِ الْإِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى مِلَّةِ أَبِيْنَا إِبْرَاهِيْمَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ①

"ہم نے صبح کی فطرت اسلام اور کلمہ اخلاص پر اپنے نبی حضرت محمد کے دین اور اپنے باپ حضرت ابراہیم کی ملت پر جو یک رخ اور فرماں بردار تھے اور وہ مشرک نہیں تھے۔"

شام کے وقت أَمْسَيْنَا کہا جائے۔

(باقی ذکر وہی ہے جو صبح کے وقت پڑھنے کے لیے ہے۔)

⑱ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْإِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا (صبح وشام تین تین بار)②

"میں اللہ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر اور حضرت محمد کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔"

① مسند احمد:۳/ ۴۰۷؛ عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی:۳۴۔

② ابوداوٗد:۵۰۷۲؛ ترمذی:۳۳۸۹؛ مسند احمد ۴/ ۳۳۷۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# چاند دیکھنے کی دعائیں

① اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِيْمَانِ وَ السَّلَامَةِ وَ الْاِسْلَامِ ، رَبِّیْ وَ رَبُّكَ اللّٰهُ ①

''اللہ! آپ اِس (چاند) کو اَمن ،ایمان ،سلامتی اور اسلام کے ساتھ ہم پر طلوع کیجیے۔(اے چاند!) میرے اور تیرے رب اللہ ہیں۔''

② ایک حدیث میں بِالْاَمْنِ کی جگہ پر بِالْیُمْنِ کا لفظ ہے۔②

③ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰھُمَّ اَھِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَ الْاِيْمَانِ وَ السَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَ التَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَ تَرْضٰى، رَبُّنَا وَ رَبُّكَ اللّٰهُ ③

''اللہ سب سے بڑے ہیں،اللہ! آپ اِس (چاند) کو اَمن، ایمان، سلامتی، اسلام اور اس چیز کی توفیق کے ساتھ جسے آپ پسند کرتے ہیں، ہم پر طلوع کیجیے ہمارے رب!(اے چاند!) ہمارے اور تیرے رب اللہ ہیں۔''

---

① ابو داوٗد:٢٣٥٧؛ صحيح الجامع ٤/ ٢٠٩۔ ② ترمذی:٣٤١٥۔

③ دارمی:١٦٨٧۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سوتے وقت کے اذکار اور دعائیں

① اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَ اَحْيَا ①

''اللہ! میں آپ کے ہی نام کے ساتھ مرتا اور زندہ ہوتا ہوں۔''

② نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جو شخص رات کو سورۃ البقرۃ کی یہ آیات پڑھ لے وہ اس کے لیے ہر چیز سے کافی ہو جائیں گی:

﴿اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَ لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَ اعْفُ عَنَّا ٭ وَ اغْفِرْ لَنَا ٭ وَ ارْحَمْنَا ٭ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ﴾ ②

''رسول (حضرت محمد) اس پر ایمان لائے جو آپ کے رب کی جانب سے آپ کی طرف نازل کیا گیا اور سب مومن بھی، ہر ایک اللہ اور اس

---

① بخاری:٦٣١٢؛ مسلم:٥٠٤٩۔ ② البقرۃ:٢/ ٢٨٥۔٢٨٦۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا، ہم اس کے رسولوں میں سے کسی ایک کے درمیان بھی فرق نہیں کرتے ، اور انہوں نے کہا: ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، آپ کی بخشش مانگتے ہیں۔ ہمارے رب! اور آپ کی ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اللہ کسی جان کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی گنجائش کے مطابق ، اسی (شخص) کے لیے ہے جو اس نے (نیکی) کمائی اور ہم بھول جائیں یا خطا کر جائیں، ہمارے رب ! اور ہم پر کوئی بھاری بوجھ نہ ڈالنا ، جیسے آپ نے ان لوگوں پر ڈالا جو ہم سے پہلے تھے، ہمارے رب! اور ہم سے وہ چیز نہ اٹھوائیں جس کے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر کیجیے اور ہمیں بخش دیجیے اور ہم پر رحم کیجیے، آپ ہی ہمارے مالک ہیں، کافر لوگوں کے مقابلے میں ہماری مدد کیجیے۔''[1]

③ اٰیۃ الکرسی کی تلاوت کی جائے۔[2] (اٰیۃ الکرسی اور اس کا ترجمہ حصہ اول میں دیا گیا ہے۔)

④ سورۃ الاخلاص کی تلاوت کی جائے۔ (سورۃ الاخلاص اور اس کا ترجمہ بھی حصہ اول کے آخر میں دیا گیا ہے۔)[3]

⑤ سُبْحَانَ اللّٰهِ (۳۳ بار)، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳۳ بار)، اَللّٰهُ أَكْبَرُ (۳۳ بار)[4]

---

① بخاری :۵۰۰۹؛ مسلم:۸۰۸ ۔ ② بخاری:۵۰۱۰۔ ③ بخاری :۵۰۱۷۔

④ بخاری:۳۷۰۵؛مسلم:۲۷۲۷۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑥ اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَكَ یَوْمَ تَجْمَعُ أَوْ تَبْعَثُ عِبَادَكَ ①

''اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچا لیجیے جس دن آپ اپنے بندوں کو جمع کریں گے، اور اٹھائیں گے۔''

⑦ بِاسْمِكَ رَبِّي وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَ بِكَ أَرْفَعُهٗ، إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ ②

''آپ کے ہی نام کے ساتھ میرے پروردگار! میں نے اپنا پہلو رکھا اور آپ کے ہی (نام کے) ساتھ اسے اٹھاؤں گا، اگر آپ میری جان کو روک لیں تو اس پر رحم کریں اور اگر چھوڑ دیں تو آپ اس کی حفاظت کیجیے جس کے ساتھ آپ اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتے ہیں۔''

⑧ اَللّٰھُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ وَ فَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ وَ وَجَّھْتُ وَجْھِیَ اِلَیْكَ وَ اَلْجَأْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْكَ ، رَغْبَةً وَ رَھْبَةً اِلَیْكَ ، لَامَلْجَاَ وَ لَامَنْجَا مِنْكَ اِلَّآ اِلَیْكَ ، اٰمَنْتُ بِکِتَابِكَ الَّذِیْٓ اَنْزَلْتَ وَ بِنَبِیِّكَ الَّذِیْٓ اَرْسَلْتَ ③

''اللہ! میں نے اپنی جان کو آپ کے تابع کر دیا، اپنا معاملہ آپ کے سپرد کر دیا، اپنا چہرہ آپ کی طرف متوجہ کیا اور اپنی کمر آپ کی طرف

---

① ابوداوٗد:٥٠٤٥؛ ترمذی:٣٣٩٨۔ ② بخاری: ٦٣٢٠؛ مسلم:٢٧١٤۔
③ بخاری:٦٣١٣؛مسلم:٢٧١٠۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



لگالی، آپ کی طرف رغبت رکھتے ہوئے اور آپ سے ڈرتے ہوئے۔ آپ سے بھاگ کر کوئی جائے پناہ اور کوئی جائے نجات نہیں مگر آپ کی طرف ہی ہے۔ میں آپ کی اس کتاب پر جو آپ نے نازل کی ہے اور آپ کے نبی پر جسے آپ نے مبعوث کیا ہے، ایمان لایا ہوں۔"

جس نے رات کو یہ کلمات پڑھے ہوں اور اسی رات اس کی موت واقع ہو جائے تو وہ فطرت یعنی دینِ اسلام پر فوت ہوا۔

## رات کو پہلو بدلتے وقت کا ذکر

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ، رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ①

"اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، جو اکیلے ہیں، زبردست ہیں، آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان والی چیزوں کے رب جو بہت عزت والے بہت بخشنے والے ہیں۔"

① عمل اليوم والليلة للنسائي: ٨٦٤؛ ابن حبان: ٥٥٣٠؛ حاكم: ١/ ٧٢٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## دین و ایمان کے بارے میں

### شکوک وشبہات اور وساوس کا ازالہ

① ایسا شخص اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرے۔[1]

② جس چیز میں شک اور وسوسہ پیدا ہو اُس میں غور وفکر چھوڑ دے۔[2]

③ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ (میں اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا) کہا جائے۔

④ پھر اس آیت کی تلاوت کی جائے:

﴿ هُوَ الْاَوَّلُ وَ الْاٰخِرُ وَ الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ ۚ وَ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴾[3]

”وہی (اللہ تعالیٰ) سب سے پہلے ہیں اور سب سے پیچھے ہیں اور ظاہر ہیں اور چھپے ہوئے ہیں اور وہ ہر چیز کو خوب جاننے والے ہیں۔“[4]

### توحید کا اعلان اور شرک کی نفی

فاطمہ بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے چند کلمات سکھائے جنھیں میں سختی کے وقت پڑھتی ہوں:

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا[5]

”اللہ اللہ میرے رب ہیں، مَیں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتی۔“

---

① بخاري:٣٢٧٦۔ ② بخاري:٣٢٧٦؛مسلم:١٣٤۔ ③ الحديد:٥٧/ ٣۔
④ ابو داوٗد:٥١١٠۔ ⑤ ابو داوٗد: ٥٢٥۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# اذان اور نماز کی دعائیں اور اذکار

## اذان کے الفاظ

اذانِ نبوی سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اذان کے یہ الفاظ سکھائے گئے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ [1]

''اللہ سب سے بڑے ہیں، اللہ سب سے بڑے ہیں۔

اللہ سب سے بڑے ہیں، اللہ سب سے بڑے ہیں۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

---

[1] ابو داؤد:٤٩٩۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔

آؤ نماز کی طرف

آؤ نماز کی طرف

آؤ فلاح (کامیابی) کی طرف

آؤ فلاح (کامیابی) کی طرف

اللہ سب سے بڑے ہیں، اللہ سب سے بڑے ہیں۔

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔"

## فجر کی اذان کے الفاظ

سیدنا ابو محذورہ رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن تھے، وہ فجر کی اذان میں حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ کے بعد دو مرتبہ یہ الفاظ پڑھتے:

اَلصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ اَلصَّلَاةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ[1]

"نماز نیند سے بہتر ہے۔ نماز نیند سے بہتر ہے۔"

[1] نسائی: ٦٤٣۔ نوٹ: یہ الفاظ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مؤذن آپ کی موجودگی میں اذان میں پڑھتا تھا، لہٰذا یہ کہنا کہ اذان میں ان الفاظ کا اضافہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تھا، درست نہیں۔ (تفصیل کے لیے دیکھیے ہماری کتاب: فتاویٰ افکارِ اسلامی)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## جوابِ اذان

نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اذان سن کر اسی طرح جواب دینا چاہیے، لیکن حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ اور حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ کے جواب میں کہنا چاہیے:

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ[1]

''گناہ سے بچنے کی توفیق اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی توفیق سے۔''

## اذان کے بعد درود

اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا ہے کہ جب آپ مؤذن کی اذان سنیں تو ایسے کہیں جیسے وہ کہتا ہے، پھر مجھ پر درود پڑھیں، جس نے مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھا، اللہ اس پر دس رحمتیں نازل کرتے ہیں، پھر میرے لیے اللہ سے وسیلہ کی دعا کریں، وسیلہ جنت میں ایک مقام ہے جو اللہ اپنے بندوں میں سے صرف ایک بندے کو عطا کریں گے، مجھے امید ہے کہ وہ میں ہی ہوں گا، جس نے میرے لیے وسیلہ مانگا اس کے لیے سفارش لازمی ہوگی۔[2]

---

[1] بخاری:٦١٣؛مسلم:٣٨٥۔ [2] مسلم:٣٨٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اذان کے بعد کی دعا اور ذکر

① اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلَاةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَانِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ ①

''اللہ! اس مکمل دعوت اور قائم صلوۃ کے رب! حضرت محمد کو خاص قرب اور خاص فضیلت عطا کیجیے اور آپ کو مقام محمود (تعریف کئے ہوئے مقام) پر کھڑا کرنا جس کا آپ نے ان سے وعدہ کیا ہے۔''

بیہقی (۱/۴۱۰) میں وَعَدْتَّهٗ کے بعد اِنَّكَ لَاتُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (یقیناً آپ وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتے) کے الفاظ بھی آئے ہیں۔

② اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: جس نے مؤذن کی اذان سن کر یہ کلمات کہے اس کے گناہ معاف کر دیے جائیں گے:

أَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَ بِالْاِسْلَامِ دِيْنًا ②

''میں شہادت دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں، آپ اکیلا ہیں اُس کا کوئی شریک نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں کہ حضرت محمد اس کے بندے اور رسول ہیں۔ میں اللہ کے رب ہونے پر، حضرت محمد کے نبی ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر راضی ہوں۔''

---

① بخاری: ٦١٤۔ ② مسلم: ٣٨٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## اقامت کے الفاظ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو اقامت کے یہ الفاظ کہنے کا حکم دیا گیا:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ

حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلَاةُ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ①

”اللہ سب سے بڑے ہیں، اللہ سب سے بڑے ہیں۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد اللہ کے رسول ہیں۔

آؤ نماز کی طرف

آؤ فلاح (کامیابی) کی طرف

یقیناً نماز (جماعت) کھڑی ہوگئی

① بخاری:٦٠٧۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



یقیناً نماز (جماعت) کھڑی ہو گئی

اللہ سب سے بڑے ہیں، اللہ سب سے بڑے ہیں۔
اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔"

## دعائے استفتاح (نماز شروع کرنے کی دعا)

① اَللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ. اَللّٰهُمَّ نَقِّنِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ. اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ①

"اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان دوری ڈال دیجیے، جس طرح آپ نے مشرق و مغرب کے درمیان دوری ڈالی ہے، اللہ! مجھے میرے گناہوں سے اس طرح صاف کر دیجیے جس طرح سفید کپڑا میل سے صاف کیا جاتا ہے، اللہ! مجھے میرے گناہوں سے برف، پانی اور اولوں کے ساتھ دھو دیجیے۔"

② سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ①

"پاک ہیں آپ اے اللہ! اور اپنی تعریف کے ساتھ اور بابرکت ہے آپ

① بخاری: ٧٤٤؛ مسلم: ٥٩٨۔ ② ابوداود: ٧٧٥؛ ترمذی: ٢٤٢؛ ابن ماجة: ٨٠٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



کا نام اور بلند ہے آپ کی شان اور آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔"

اس کے بعد سورۃ الفاتحۃ اور ایک دوسری سورت پڑھی جائے یا دوسری سورت کی جگہ پر قرآن کی چند آیات پڑھی جائیں۔

## رکوع کا ذکر

① سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ ①

"پاک ہیں میرے رب عظمت والے۔"

② سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ②

"پاک ہیں آپ اے اللہ! ہمارے پروردگار! اور اپنی تعریف کے ساتھ، اللہ! مجھے بخش دیجیے۔"

③ رکوع و سجود میں اللہ کے رسول ﷺ یہ کلمات بھی پڑھتے:

سُبُّوحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوْحِ ③

"بہت پاک ہیں، بہت مقدس ہیں (اللہ تعالیٰ) فرشتوں اور روح کے رب۔"

## رکوع سے اٹھنے کا ذکر

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ④

"سن لی اللہ نے جس نے اس کی تعریف کی۔"

---

① مسلم:٧٧٢۔ ② بخاری:٧٩٤؛ مسلم:٤٨٤۔ ③ مسلم:٤٨٧؛ ابوداود: ٨٧٢؛ نسائی:١١٣٥۔ ④ بخاری:٧٢٢؛ مسلم:٤٧٦۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

''اللہ! ہمارے پروردگار! اور آپ کے ہی لیے تمام تعریف ہے۔''

رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ. حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيهِ ②

''ہمارے پروردگار! اور آپ کے ہی لیے تمام تعریف ہے تعریف بہت زیادہ پاکیزہ، جس میں برکت کی گئی ہے۔''

## سجدے کا ذکر اور دعا

① سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى ③

''پاک ہیں میرے رب (اللہ تعالیٰ) سب سے بلند۔''

② ایک حدیث میں یہ الفاظ بھی ہیں:

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلٰى وَبِحَمْدِهِ ④

''پاک ہیں میرے رب (اللہ تعالیٰ) سب سے بلند اپنی تعریف کے ساتھ۔''

③ سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ ⑤

''بہت پاک ہیں، بہت مقدس ہیں (اللہ تعالیٰ) فرشتوں اور روح کے رب۔''

④ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ①

''پاک ہیں آپ اے اللہ! ہمارے پروردگار! اور اپنی تعریف کے ساتھ،

---

① بخاری:۷۹۶؛ مسلم:۴۰۹۔ ② بخاری:۷۹۹۔ ③ مسلم:۷۷۲۔
④ ابوداؤد:۸۷۰؛ بیہقی ۲/ ۱۲۲۔ ⑤ مسلم:۴۸۷۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اللہ! مجھے بخش دیجیے۔"

⑤ اللہ کے رسول ﷺ سجدے میں یہ دعا کرتے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ کُلَّهٗ دِقَّهٗ وَ جِلَّهٗ وَ اَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ وَ عَلَانِيَتَهٗ وَ سِرَّهٗ ②

"اللہ! میرے تمام گناہوں کو معاف کر دیجیے، کم ہوں یا زیادہ، پہلے ہوں یا بعد کے، چھپے ہوں یا ظاہر۔"

## دو سجدوں کے درمیان کی دعائیں

① دو سجدوں کے درمیان اللہ کے رسول ﷺ یہ دعا پڑھتے:

رَبِّ اغْفِرْلِیْ رَبِّ اغْفِرْلِیْ ③

"میرے رب! مجھے بخش دیجیے، میرے رب! مجھے بخش دیجیے۔"

② ایک اور حدیث میں ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ دو سجدوں کے درمیان یہ دعا پڑھتے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ وَ ارْحَمْنِیْ وَ عَافِنِیْ وَ اهْدِنِیْ وَ ارْزُقْنِیْ ④

"میرے رب! مجھے بخش دیجیے، مجھ پر رحم کریں، مجھے عافیت دیجیے، مجھے ہدایت دیجیے اور مجھے رزق عطا کریں۔"

---

① بخاری: ۷۹٤؛ مسلم: ٤٨٤ ـ ② مسلم: ٤٨٧ ـ ③ ابوداوٗد: ٨٧٤؛ نسائی: ١١٤٥ ـ ④ ابوداوٗد: ٨٥٠ ـ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



③ ایک اور حدیث میں عَافِنِیْ کی جگہ پر اجْبُرْنِیْ (میرے نقصانات پورے کر دیجیے) کا تذکرہ ہے۔①

## تشہد

اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ۔ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ②

''تمام ادب اللہ کے لیے ہیں اور ساری دعائیں اور پاکیزہ کلمات۔ سلام ہو آپ پر اے نبی اور رحمت اللہ کی اور اس کی برکتیں نازل ہوں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے بندوں پر جو نیک ہیں۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ نہیں کوئی لائق عبادت کے مگر اللہ اور اقرار کرتا ہوں کہ حضرت محمد اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔''

## درود

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَ عَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ o اَللّٰهُمَّ بَارِكْ

① ترمذی:۲۸٤۔ ② بخاری:۸۳۱؛ مسلم:۴۰۲۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ①

"اللہ! رحم و کرم کر محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ آپ نے رحم کیا ابراہیم پر اور ابراہیم کی آل پر، بیشک آپ لائق تعریف اور عزتوں کے مالک ہیں۔ اللہ! برکت نازل کر محمد پر اور محمد کی آل پر جیسا کہ برکت نازل کی آپ نے ابراہیم اور ابراہیم کی آل پر۔ یقیناً آپ لائق تعریف اور عزتوں کے مالک ہیں۔"

① بخاری:۳۳۷۰؛ مسلم:۴۰۵۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سلام سے پہلے کی دعائیں

① اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ الْمَمَاتِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ ①

''اللہ! میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے اور آپ کی پناہ چاہتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے اور آپ کی پناہ چاہتا ہوں زندگی اور موت کے فتنے سے، اللہ! میں آپ کی پناہ چاہتا ہوں گناہ اور قرض سے۔''

② اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ،فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ②

''اللہ! میں نے اپنی جان پر بہت ظلم کیا اور آپ کے سوا کوئی گناہوں کو نہیں بخش سکتا۔ پس مجھے اپنی خاص مغفرت سے بخش دیجیے اور مجھ پر رحم کیجیے، یقیناً آپ ہی بہت بخشنے والے بے حد رحم کرنے والے ہیں۔''

---

① بخاری :۸۳۲؛ مسلم :۵۸۹۔ ② بخاری:۸۳٤؛ مسلم :۲۷۰۵۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## سلام

پہلے دائیں جانب اور پھر بائیں جانب یہ سلام کہا جائے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ ①

''سلام ہو تم پر اور اللہ کی رحمت۔''

## نمازِ وتر کی تلاوت اور قنوت

وتر کی پہلی رکعت میں سورۃ الاعلیٰ، دوسری رکعت میں سورۃ الکافرون اور تیسری رکعت میں سورۃ الاخلاص کی تلاوت کرنا مسنون ہے۔②

وتر کی آخری رکعت میں رکوع کرنے سے پہلے دعائے قنوت پڑھی جائے۔③

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کو نبی ﷺ نے وتر کی یہ قنوت سکھائی تھی:

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ، وَ عَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ، وَ تَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ، وَ بَارِكْ لِيْ فِيْمَآ اَعْطَيْتَ، وَ قِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ، فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَ لَا يُقْضٰى عَلَيْكَ، وَ اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَ لَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ، تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَ تَعَالَيْتَ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ ④

www.KitaboSunnat.com

---

① ابوداوٗد:٩٩٦۔ ② ابوداوٗد:١٤٢٣؛نسائی:١٧٣٠؛ابن ماجة: ١١٧١، ١١٧١۔ ③ بخاری:١٠٠٢؛نسائی:١٧٠٠؛ابن ماجة: ١١٨٢۔ ④ ابوداوٗد: ١٤٢٠؛ترمذی:٤٦٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



’’اللہ! مجھے ہدایت دے کر ان لوگوں میں شامل کر لے جنھیں آپ نے ہدایت سے نوازا ہے اور مجھے عافیت دے کر ان لوگوں شامل کر لیجیے جنھیں آپ نے عافیت بخشی ہے، اور مجھے اپنا دوست بنا کر ان لوگوں شامل کر لیجیے جنھیں آپ نے اپنا دوست بنایا ہے۔ اور جو کچھ آپ نے عطا کیا ہے اس میں میرے لیے برکت ڈال دیجیے! اور اس شر سے مجھے محفوظ رکھیں جس کا آپ نے فیصلہ فرمایا ہے، بلاشبہ آپ ہی فیصلے صادر کرتے ہیں، آپ پر کسی کا حکم نہیں چلتا۔ وہ کبھی ذلیل نہیں ہو سکتا جس کے آپ والی بن جائیں اور وہ کبھی عزت نہیں پا سکتا جس کے آپ دشمن بن جائیں۔ ہمارے رب! آپ ہی برکت والے اور بلند و بالا ہیں اور نبی پر اللہ کی رحمت ہو!‘‘

## نمازِ وتر کے سلام کے بعد ذکرِ الٰہی

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ① (تین بار)

’’پاک ہیں (اللہ تعالیٰ) بادشاہ بہت پاکیزگی والے۔‘‘

آخر میں اونچی آواز سے پڑھیں:

رَبُّ الْمَلَآئِكَةِ وَالرُّوْحِ ②

’’فرشتوں اور روح کے رب (اللہ تعالیٰ)۔‘‘

① نسائی:١٦٩٩۔ ② دارقطنی:١٦٤٢؛ بیہقی:٢/ ٣١۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قنوتِ نازلہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ قنوت میں یہ کلمات کہتے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ، وَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُسْلِمَاتِ، وَ اَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَ اَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِهِمْ وَ انْصُرْهُمْ عَلٰى عَدُوِّكَ وَ عَدُوِّهِمْ،اَللّٰهُمَّ الْعَنْ كَفَرَةَ اَهْلِ الْكِتَابِ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ رُسُلَكَ، وَ يُقَاتِلُوْنَ اَوْلِيَآءَكَ، اَللّٰهُمَّ خَالِفْ بَيْنَ كَلِمَتِهِمْ، وَ زَلْزِلْ اَقْدَامَهُمْ، وَ اَنْزِلْ بِهِمْ بَاْسَكَ الَّذِىْ لَاتَرُدُّهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ، وَ نُثْنِىْ عَلَيْكَ،وَ لَانَكْفُرُكَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّىْ وَ نَسْجُدُ وَ لَكَ نَسْعٰى وَ نَحْفِدُ وَ نَخْشٰى عَذَابَكَ الْجِدَّ وَ نَرْجُو رَحْمَتَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكَافِرِيْنَ مُلْحِقٌ [1]

''اللہ ! ہماری اور تمام مومن مردوں اور تمام مومن عورتوں، مسلمان

---

[1] بیہقی ۲/ ۲۱۰، ح:۳۱٤۳۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



مردوں اور مسلمان عورتوں کی مغفرت کر دیجیے، ان کے دلوں میں الفت ڈال دیجیے، ان کے درمیان اصلاح کر دیجیے، اپنے اور ان کے دشمن کے مقابلے میں ان کی مدد کیجیے۔ اللہ! ان اہل کتاب کافروں پر لعنت کیجیے جو آپ کے رسولوں کو جھٹلاتے اور آپ کے دوستوں سے جنگ کرتے ہیں۔ اللہ! ان کے درمیان اختلاف ڈال دیجیے، ان کے قدم ڈگمگا دیجیے اور ان پر ایسا عذاب نازل کر دیجیے جسے آپ مجرم لوگوں سے پھیرتے نہیں۔

اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان اور نہایت رحم کرنے والے ہیں۔

اللہ! ہم آپ سے مدد اور مغفرت طلب کرتے ہیں اور آپ کی تعریف کرتے ہیں۔ آپ کی ناشکری نہیں کرتے، جو آپ کی نافرمانی کرے ہم اس سے لاتعلقی کا اعلان کرتے اور اسے چھوڑتے ہیں۔

اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان اور نہایت رحم کرنے والے ہیں۔

اللہ! ہم آپ کی ہی بندگی کرتے ہیں، آپ کے لیے ہی نماز پڑھتے ہیں، آپ کو ہی سجدہ کرتے ہیں، آپ کی ہی طرف محنت کرتے اور آپ کی ہی طرف دوڑتے ہیں، ہم آپ کے عذاب سے ڈرتے ہیں اور آپ کی رحمت کی امید کرتے ہیں، یقیناً آپ کا عذاب کافروں کو ہی پہنچنے والا ہے۔''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سلام کے بعد کی دعائیں اور اذکار

① اَللّٰهُ اَكْبَرُ ایک مرتبہ۔(بلند آواز سے)[1]

② اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (تین مرتبہ)[2]

③ سُبْحَانَ اللّٰهِ (۳۳ مرتبہ) "اللہ پاک ہیں۔"

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳۳ مرتبہ) "تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہے۔"

اَللّٰهُ اَكْبَرُ (۳۳ مرتبہ) "اللہ سب سے بڑے ہیں۔"

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ[3]

"اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز پر بھرپور قدرت رکھنے والے ہیں۔"

④ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ[4]

---

① بخاری:۸٤۲؛ مسلم:۵۸۳۔ ② مسلم :۵۹۱ ۔ ③ مسلم:۵۹۷۔
④ مسلم:۵۹۳۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اللہ! جسے آپ عطا کریں اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے آپ نہ دیں اسے کوئی عطا کرنے والا نہیں اور کسی مال دار کو اس کی دولت آپ کی بارگاہ میں نفع نہیں پہنچا سکے گی۔''

⑤ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ وَ لَهُ الْفَضْلُ وَ لَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَ لَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ ①

''اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) ہر چیز پر بھرپور قدرت رکھنے والے ہیں۔ اللہ کی مدد کے بغیر نہ کسی چیز سے بچنے کی طاقت ہے اور نہ کچھ کر سکنے کی قوت ہے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، اور ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں، اسی کی طرف سے انعام ہے اور اسی کے لیے فضل، اور اسی کے لیے بہترین ثنا ہے۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، ہم اسی کے لیے بندگی کو خالص کرنے والے ہیں خواہ کافر لوگ ناگوار ہی سمجھیں۔''

⑥ سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی ایک ایک بار تلاوت کی جائے۔ ②

① مسلم: ٥٩٤۔ ② ابو داوٗد: ١٥٢٣؛ نسائی: ١٣٣٧۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



⑦ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ①

”اللہ آپ ہی سلامتی والے ہیں اور آپ ہی سے سلامتی ہے، بزرگی اور عزت والے! آپ بڑی برکت والے ہیں۔“

⑧ معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں آپ کو وصیت کرتا ہوں کہ ہر نماز کے بعد یہ کلمات ہرگز نہ چھوڑنا:

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ ②

”اللہ! اپنی یاد، اپنے شکر اور اپنی اچھی عبادت پر میری مدد کیجیے۔“

⑨ اٰیۃ الکرسی کی تلاوت کی جائے۔ ③

⑩ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ④

”اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کی تعریف ہے وہ زندہ کرتے اور مارتے ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والے ہیں۔“

---

① مسلم:۵۹۱۔ ② ابوداؤد:۱۵۲۲؛ نسائی:۱۳۰۳؛ ابن خزیمۃ:۷۵۱؛ ابن حبان:۲۰۲۰۔ ③ السنن الکبری للنسائی:۹۸۴۸؛ عمل الیوم و اللیلۃ للنسائی: ۱۰۰۔ ④ بخاری:۸۴۴؛ مسلم:۵۹۳۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# سجدہ تلاوت کی دعائیں

① ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سجدۂ تلاوت میں یہ دعا تکرار سے پڑھا کرتے تھے:

سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهُ، وَشَقَّ سَمْعَهُ، وَبَصَرَهُ، بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ ①

''میرا چہرہ اس ہستی کے لیے سجدہ ریز ہے جس نے اسے پیدا کیا اور اپنی طاقت وقوت سے اس کے کان اور آنکھیں بنائیں۔''

بعض احادیث میں اس دعا کے آخر میں یہ الفاظ بھی ہیں:

فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ ②

''اللہ جو بہترین تخلیق کرنے والے ہیں بہت بابرکت ہیں۔''

② سجدۂ تلاوت کی ایک اور دعا بھی احادیث سے ملتی ہے۔ ابن عباس بیان فرماتے ہیں کہ ایک آدمی اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر آپ سے عرض کرتا ہے: مَیں نے رات کو خواب دیکھا گویا مَیں ایک درخت کی طرف منہ کر کے نماز

① ابوداوٗد: ١٤١٤؛ صحیح ابوداوٗد: ١٢٥٥؛ ترمذی، : ٥٨٠۔

② حاکم ١/ ٢٢٠۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



پڑھ رہا ہوں۔ مَیں نے جب سجدہ تلاوت کیا تو درخت نے بھی میرے سجدے کے ساتھ سجدہ کیا۔ مَیں نے سنا کہ وہ درخت یہ پڑھ رہا تھا:

اَللّٰھُمَّ اکْتُبْ لِیْ بِھَا عِنْدَكَ اَجْرًا وَّضَعْ عَنِّیْ بِھَا وِزْرًا وَاجْعَلْھَا لِیْ عِنْدَكَ ذُخْرًا وَّتَقَبَّلْھَا مِنِّیْ كَمَا تَقَبَّلْتَھَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ

''اللہ! اس سجدہ کے بدلے میرے لیے اپنے ہاں اجر لکھ لے اور اس کے ذریعے مجھ سے (گناہوں کا) بوجھ اتار دیجیے اور اسے میرے لیے اپنے پاس ذخیرہ بنا لیجیے اور اسے مجھ سے اس طرح قبول کر جس طرح آپ نے اپنے بندے داؤد (علیہ السلام) سے قبول کیا تھا۔''

ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب آیت سجدہَ تلاوت کی تو مَیں نے آپ کو سجدہ میں وہی دعا پڑھتے سنا جو اُس شخص (ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ) نے درخت کی کہی ہوئی بیان کی تھی۔①

اس دعا کو چونکہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی پڑھا تھا لہٰذا اِس کا مسنون ہونا ثابت ہوا۔

① ترمذی: ۵۷۹؛ ابن ماجۃ: ۱۰۵۳ ، ابن ماجۃ میں الفاظ مختصر اور قدرے مختلف ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# رمضان المبارک اور روزے کی دعائیں

## روزہ کھولنے کے بعد کا ذکر

① ذَهَبَ الظَّمَأُ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ وَ ثَبَتَ الْأَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ ①

"پیاس چلی گئی، رگیں تر ہوگئیں اور ان شاء اللہ اجر ثابت ہو گیا۔"

② عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ جب افطاری کرتے تو یوں دعا کرتے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ أَنْ تَغْفِرَ لِيْ ②

"اللہ! میں آپ سے سوال کرتا ہوں آپ کی رحمت کے ذریعے جو ہر چیز کو شامل ہے کہ آپ میری مغفرت کر دیجیے۔"

## روزہ افطار کروانے والے کے لیے دعا

أَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَأَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ ③

---

① ابو داود:٢٣٥٧؛ نسائی فی الکبری:٣٣١٥ ۔ ② ابن ماجة:١٧٥٣۔

③ ابو داود:٣٨٥٤؛ احمد:٣/ ١٣٨۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''تمھارے پاس روزے داروں نے روزہ افطار کیا اور تمھارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا اور فرشتے تمھارے لیے دعا کریں۔''

## اگر کوئی روزہ دار سے گالی گلوچ کرے تو کیا کہے

اِنِّیْ صَائِمٌ . اِنِّیْ صَائِمٌ ①

''میں روزے دار ہوں، میں روزے دار ہوں۔''

## لیلۃ القدر کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ ②

''اللہ! آپ بڑے معاف کرنے والے ہیں، معافی کو پسند کرتے ہیں، پس مجھے معاف کر دیجیے۔''

① بخاری:۱۸۹۴؛ مسلم:۱۱۵۱؛ مؤطا امام مالك:۵۷ ۔ ② ترمذی:۳۵۱۳؛ ابن ماجة:۳۸۵۰۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# نمازِ عیدین

مدنی دور کے شروع میں عیدین کا آغاز ہوا تو اس کے بعد نبی ﷺ نے انہیں ترک نہیں کیا، حتیٰ کہ آپ بچوں اور عورتوں کو بھی حکم دیتے کہ گھروں سے باہر جا کر مسلمانوں کے ساتھ نمازِ عید میں شریک ہوں۔①

عیدین کی نماز کے لیے غسل کرنا چاہیے۔②

عیدالفطر میں کچھ کھا کر جانا اور عیدالاضحیٰ میں نماز (اور خطبہ) سے فارغ ہو کر کھانا چاہیے۔③

جس راستے سے جائیں، واپسی پر راستہ تبدیل کریں۔④

عیدین کے لیے جاتے ہوئے تکبیرات کہی جائیں۔⑤

تکبیراتِ عید کے الفاظ یہ ہیں:

① اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

---

① بخاری: ٣٢٤، ٣٥١، ٩٧١، ٩٧٤-٩٧٦؛ مسلم: ٨٨٤، ٨٩٠؛ ابن خزیمة: ١٤٧١۔ ② بیهقی: ٣/ ٢٧٨۔ ③ ترمذی: ٥٤٢؛ ابن ماجة: 1756۔ ④ بخاری: ٩٨٦۔ ⑤ بخاری: ٩٧١؛ مسلم: ٨٩٠؛ ابن خزیمة: ١٤٣١؛ بیهقی: ٦١٢٩؛ دار قطنی: ١٦٩٨۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



② اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَ اَجَلُّ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ

③ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَجَلُّ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ عَلٰى مَا هَدَانَا

④ اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيْرًا، اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اَعْلٰى وَ اَجَلُّ مِنْ اَنْ تَكُوْنَ لَكَ صَاحِبَةٌ، اَوْ يَكُوْنَ لَكَ وَلَدٌ، اَوْ يَكُوْنَ لَكَ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ، اَوْ يَكُوْنَ لَكَ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا، اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنَا①

رسول اللہ ﷺ عیدین کے روز عیدگاہ جا کر سب سے پہلے نماز پڑھاتے، پھر خطبہ دیتے جبکہ لوگ صفوں میں بیٹھے رہتے۔②

نمازِ عیدین میں سورۃ ق اور سورۃ القمر یا سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیۃ کی قراءت مسنون ہے۔③

پہلی رکعت میں تکبیر تحریمہ کے بعد سات جبکہ دوسری رکعت میں قراءت شروع کرنے سے پہلے پانچ تکبیریں کہیں۔④

① ابن ابی شیبة:٥٦٤٥، ٥٦٤٩، ٥٦٥٤؛بیهقی:٦٢٨٠، ٦٢٨٢۔② بخاری: ٩٥٦؛ مسلم:٨٨٩۔ ③ مسلم:٨٧٨، ٨٩١۔ ④ ابوداوٗد: ١١٤٩، ١١٥١، ١١٥٢؛ترمذی: ٥٣٦؛ابن ماجة:١٢٧٧۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



نمازِ عید کی تکبیرات میں رفع الیدین کریں اور ہر تکبیر کے بعد ہاتھ باندھیں۔①

جس کی نمازِ عید رہ جائے وہ چار یا دو رکعت تنہا پڑھ لے اور جو امام کے ساتھ تشہد میں شامل ہو جائے، وہ امام کے سلام کے بعد دو رکعت پوری کر لے۔②

عید کے روز (عید کی مبارک باد کے طور پر) ملاقات کے وقت ایک دوسرے کو تَقَبَّلَ اللّٰهُ مِنَّا وَ مِنْكَ کہیں۔③

نمازِ عیدالفطر کے لیے نکلنے سے پہلے صدقة الفطر (فطرانہ) ادا کیا جائے اور نمازِ عیدالاضحیٰ کے بعد قربانی کی جائے۔④

---

① ابوداوٗد: ۷۲۲؛ احمد ۲/ ۱۳۳، ۱۳٤؛ دارقطنی ۱/ ۲۸۹۔ ② بخاری، بعد: ۹۸٦؛ ابن ابی شیبة: ۵۷۹۸۔۵۷۹۹۔ ③ الثقات لابن حبان۹/ ۹۰؛ فتح الباری: ۲/ ٤٤٦؛ الجوهر النقی ۳/ ۳۲۰۔ ④ بخاری: ۹٦۵، ۹۸۵، ۱۵۰۳؛ مسلم: ۹۸٤، ۱۹٦۰۔۱۹٦۱۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# حج وعمرہ کے اذکار اور دعائیں

## حج وعمرہ کی پکار

اللہ کے رسول ﷺ حج وعمرہ کے لیے اکٹھا لبیک پکارتے:

لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَّ حَجًّا، لَبَّيْكَ عُمْرَةً وَّ حَجًّا

''مَیں حج اور عمرے کے لیے حاضر ہوں،مَیں حج اور عمرے کے لیے حاضر ہوں۔''

نبی کریم ﷺ چونکہ حج وعمرہ ایک ساتھ کر رہے تھے اس لیے آپ حج وعمرہ دونوں کا نام لیتے۔اس سے معلوم ہوا کہ حج وعمرے میں سے جس کی نیت ہو اُسی کا نام لیا جائے۔یعنی لَبَّيْكَ عُمْرَةً یا لَبَّيْكَ حَجًّا ①

## حج وعمرہ کا تلبیہ

لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَاشَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَ النِّعْمَةَ لَكَ وَ الْمُلْكَ، لَاشَرِيْكَ لَكَ ②

''مَیں حاضر ہوں،اللہ!مَیں حاضر ہوں،مَیں حاضر ہوں،آپ کا کوئی

① مسلم:١٢٥١۔ ② بخاری:١٥٤٩؛مسلم:١١٨٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



شریک نہیں، مَیں حاضر ہوں، یقیناً ہر قسم کی تعریف اور نعمت آپ کے ہی لیے ہے اور آپ کی ہی بادشاہت ہے، آپ کا کوئی شریک نہیں۔"

## حجرِ اسود کے سامنے آکر پڑھنے کا ذکر

حجرِ اسود کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھا جائے۔①

## رکنِ یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان آکر پڑھنے کی دعا

حجرِ اسود اور رکنِ یمانی کے درمیان نبی کریم ﷺ یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

﴿ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴾②

"ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی دیجیے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لیجیے۔"

## صفا اور مروہ پر کیا جانے والا ذکر

صفا سے سعی کا آغاز کریں۔ صفا پر پہنچ کر قبلہ رخ ہو کر یہ ذکر (تین بار) کرنا مسنون ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ ③

① بخاری:۱۶۱۳۔ ② ابوداوٗد:۱۸۹۲، ۲/ البقرۃ:۲۰۱۔ ③ مسلم:۱۸۱۲۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



''اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کی تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر بھرپور قدرت رکھنے والے ہیں، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اپنے بندے کی مدد کی اور اس اکیلے ہی نے (اسلام دشمن) گروہوں کو شکست دی۔''

اس دوران میں دعائیں بھی کریں۔ آپ ﷺ مروہ پر بھی اسی طرح کرتے۔

## مشعر حرام کے پاس کیا جانے والا ذکر

اللہ کے رسول ﷺ جب مشعر حرام (مزدلفہ) پہنچے تو قبلہ رخ ہو کر دعا کی، یہ کلمات کہے: اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

''اللہ سب سے بڑے ہیں۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔''

اور کلماتِ توحید کہتے رہے۔ خوب روشنی ہونے تک یہیں ٹھہرے رہے، پھر سورج نکلنے سے پہلے ہی یہاں سے روانہ ہو گئے۔ ①

## جمرات کو کنکریاں مارتے وقت کا ذکر

نبی ﷺ نے تینوں جمرات کو کنکریاں مارتے وقت ہر کنکری پھینکتے وقت اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہا، پہلے اور دوسرے جمرے کی رمی کے بعد قبلہ رخ ہو کر دونوں ہاتھ اٹھائے اور اللہ سے دعا کی۔ تیسرے جمرے کی رمی کے بعد آپ نے دعا نہیں مانگی۔ ②

① مسلم:۱۸۱۲۔ ② بخاری:۱۷۵۳۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# موت اور نمازِ جنازہ

## قریب الموت کو تلقین

قریب الموت کو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پڑھنے کی تلقین کی جائے۔①

## زندگی کی آخری سانسیں لینے والا کیا دعا کرے؟

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (مرض الموت میں) میرے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے، آپ یہ دعا پڑھ رہے تھے:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَ ارْحَمْنِيْ وَ أَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى ②

''اللہ! مجھے بخش دیجیے، مجھ پر رحم کیجیے اور مجھے سب سے بلند رفیق کے ساتھ ملا دیجیے۔''

## جسے کوئی مصیبت پہنچے اس کی دعا

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَأَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا ③

① مسلم:٩١٦۔ ② بخاری:٤٤٥٠؛مسلم:٢٤٤٤۔ ③ مسلم:٩١٨۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



’’یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور بلاشبہہ ہم آپ کی ہی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔ اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دیجیے اور مجھے اس کے بدلے میں اس سے بہتر چیز عطا کیجیے۔‘‘

## تعزیت کا ذکر

إِنَّ لِلّٰهِ مَآ أَخَذَ وَلَهُ مَا أَعْطٰى وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِأَجَلٍ مُّسَمًّى ①

’’اللہ ہی کا ہے جو اُس نے لیا اور اسی کا ہے جو اُس نے دیا اور اس کے پاس ہر چیز مقررہ وقت کے ساتھ ہے۔‘‘

## میت قبر میں داخل کرتے وقت کا ذکر

بِسْمِ اللّٰهِ وَ عَلٰى سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ②

’’اللہ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ کی سنت پر (تمھیں قبر میں اتارتا ہوں)۔‘‘

① بخاری: ۷۳۷۷؛ مسلم: ۹۲۳۔

② ابوداوٗد: ۳۲۱۳؛ عمل الیوم واللیلۃ: ۱۰۸۸۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## نمازِ جنازہ کی دعائیں

① اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهٗ وَارْحَمْهُ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهٗ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ وَاغْسِلْهُ بِالْمَآءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ، وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ ، وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِّنْ دَارِهٖ وَأَهْلًا خَيْرًا مِّنْ أَهْلِهٖ وَزَوْجًا خَيْرًا مِّنْ زَوْجِهٖ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ ①

''اللہ! اسے بخش دیجیے ، اس پر رحم کیجیے، اسے عافیت دیجیے ، اسے معاف کر دیجیے اور اس کی مہمانی باعزت کر اور اس کے داخل ہونے کی جگہ وسیع کر دیجیے اور اسے پانی ، برف اور اولوں کے ساتھ دھو دیجیے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دیجیے جس طرح آپ نے سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا اور اسے اس کے گھر کے بدلے بہتر گھر ، گھر والوں کے بدلے بہتر گھر والے اور بیوی کے بدلے بہتر بیوی عطا کریں اور اسے جنت میں داخل کیجیے اور اسے قبر کے عذاب اور آگ کے عذاب سے پناہ دیجیے۔''

② اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا. اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَأَحْيِهٖ عَلَى الْإِسْلَامِ وَمَنْ

① مسلم:٩٦٣۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِيْمَانِ. اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ ①

''اللہ! ہمارے زندے ، ہمارے مردے، ہمارے حاضر، ہمارے غائب، ہمارے چھوٹے، ہمارے بڑے، ہمارے مرد اور ہماری عورتوں کو بخش دیجیے۔ اللہ! آپ ہم میں سے جسے زندہ رکھیں اسے اسلام پر زندہ رکھیں اور جسے موت دیں اسے ایمان پر موت دینا، اللہ! ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ کرنا اور ہمیں اس کے بعد گمراہ نہ کیجیے۔''

③ اَللّٰهُمَّ إِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ ، فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ ، وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلَهُ وَارْحَمْهُ إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ②

''اللہ! فلاں بن فلاں آپ کے ذمے اور آپ کی پناہ میں ہے، اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے بچا لیجیے، آپ وفا اور حق والے ہیں، پس اسے بخش دیجیے اور اس پر رحم کیجیے، یقیناً آپ ہی بہت بخشنے والے بے حد مہربان ہیں۔''

④ اَللّٰهُمَّ (هٰذَا) عَبْدُكَ وَابْنُ أَمَتِكَ ، اِحْتَاجَ إِلَى رَحْمَتِكَ وَأَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهِ. [أَللّٰهُمَّ] إِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ حَسَنَاتِهِ وَإِنْ

① ابوداود: ۳۲۰۱؛ ترمذی: ۱۰۲۴۔ ② ابوداود: ۳۲۰۲؛ ابن ماجة: ۱۴۹۹۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ ①

''اللہ! آپ کا بندہ اور آپ کی بندی کا بیٹا آپ کی رحمت کا محتاج ہو گیا ہے اور آپ اسے عذاب دینے سے غنی ہیں، اگر نیکی کرنے والا تھا آپ اس کی نیکیوں میں اضافہ کر دیں اور اگر برائی کرنے والا تھا آپ اس سے درگزر کیجیے۔''

⑤ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بچے کی نمازِ جنازہ میں یہ دعا پڑھی:

اَللّٰهُمَّ اَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ②

''اللہ! اسے عذابِ قبر سے بچا لیجیے۔''

امام حسن بصری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بچے کی نمازِ جنازہ میں پہلے سورۃ الفاتحہ اور پھر یہ دعا پڑھی جائے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّ سَلَفًا وَّ اَجْرًا ③

''اللہ! اسے ہمارے لیے میرِ منزل، پیشرو اور باعثِ اجر بنا دیجیے۔''

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا سَلَفًا وَّ فَرَطًا وَّ ذُخْرًا ④

''اللہ! اسے ہمارے لیے پیشرو، میرِ منزل اور ذخیرہ بنا دیجیے۔''

---

① مستدرك حاكم:١/ ٣٥٩؛ ابن حبان:٣٠٦٣۔ ② مؤطا امام مالك:٥٣٦۔
③ بخاری، الجنائز، قراءة الفاتحة على الجنازة(تعليقًا)؛مصنف عبدالرزاق: ٦٥٨٨۔ ④ بيهقى ٢/ ٤٨٤۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



## قبروں کی زیارت کی ایک دعا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ ، وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ نَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَ لَكُمُ الْعَافِيَةَ ①

''تم پر سلامتی ہو، اے مومنوں اور مسلمانوں کی بستی والو! اور ہم بھی ان شاء اللہ تمھیں ملنے والے ہیں اور اللہ ہم میں سے پہلے آنے والوں اور بعد میں آنے والوں پر رحم کریں اور ہم اپنے لیے اور تمھارے لیے اللہ سے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔''

① مسلم: ۹۷۵؛ ابن ماجة: ۱۵٤۷۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



# ڈاکٹر حافظ محمد شہباز حسن کی تالیفات

:۱ فتاویٰ افکار اسلامی، ۳۱۲ سوالات کے جوابات

:۲ تفسیر معارف البیان، سورۃ الفاتحۃ اور البقرۃ (۵۰ آیات)

:۳ مظلوم صحابیات رضی اللہ عنہن، ظلم و ناانصافی کی نوعیت

:۴ شوقِ عمل، ارکانِ اسلام پر عمل کی ترغیب

:۵ سیادتِ امت المعروف بہ شوقِ جہاد

:۶ سجدۂ تلاوت کے احکام اور آیاتِ سجدہ کا پیغام

:۷ لغت عرب کے ابتدائی قواعد اور جدید عربی بول چال مع قصص النبیین (عربی، اردو، انگریزی)

:۸ التأثیر الاسلامی فی شعر حالی (ایم اے عربی کا مقالہ)

:۹ علوم اسلامیہ (پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد اسرائیل فاروقی، شہباز حسن)

:۱۰ اسلامی تعلیمات (پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمد اسرائیل فاروقی، شہباز حسن)

:۱۱ پریشانیوں اور مشکلات کا حل (شہباز حسن/ حافظ حمزہ کاشف)

:۱۲ جنت کا منظر معہ جنت میں داخلے کا سبب بننے والے اعمال (شہباز حسن/ حافظ حمزہ کاشف)

:۱۳ دوزخ کا منظر معہ جہنم میں داخلے کا سبب بننے والے اعمال (شہباز حسن/ حافظ حمزہ کاشف)

:۱۴ مساجد کی آباد کاری

:۱۵ رزقِ حلال اور دکانداری

:۱۶ تفسیر میں عربی لغت سے استدلال کا منہج (PhD کا مقالہ)

:۱۷ اسلام کے بنیادی عقائد و نظریات اور اعمال و آداب

:۱۸ مقامِ قرآن (میاں انوار اللہ، شہباز حسن)

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



:۱۹ انسان اور قرآن (میاں انوار اللہ، شہباز حسن) (زیر طبع)

:۲۰ قرآنی اور مستند مسنون اذکار و دعائیں

:۲۱ شرح اصولِ الکرخی

## اردو تراجم اور تعلیقات

:۱ صداقت نبوتِ محمدی (دلائل النبوۃ از ڈاکٹر منقذ کا ترجمہ و تعلیق)

:۲ بدعات کا انسائیکلوپیڈیا (قاموس البدع کا ترجمہ و استدراک)

:۳ غسل، وضو اور نماز کا طریقہ مع دعائیں (الوضوء والغسل والصلاۃ کا ترجمہ و تعلیق)

:۴ بیماریوں کا علاج، دعا، دم اور غذا کے ذریعے (الدعاء، ویلیہ العلاج بالرقی من الکتاب و السنۃ از ابن وھف قحطانی)

:۵ جہنم اور جہنمیوں کے احوال (النار حالہا و احوال اھلہا)

:۶ خوش نصیبی کی راہیں (طریق الھجرتین و باب السعادتین کا ترجمہ اور تلخیص و تعلیق)

:۷ جنت میں خواتین کے لیے انعامات (احوال النساء فی الجنۃ)

:۸ فرقہ پرستی کے اسباب اور ان کا حل (الافتراق۔ اسبابہا و علاجہا)

:۹ اصول الکرخی

:۱۰ دنیا ڈھلتی چھاؤں (الدنیا ظل زائل) (زیر طبع)

:۱۱ صحیح بخاری میں امام بخاری رحمہ اللہ کا منہج (عادات الامام بخاری فی صحیحہ از شیخ عبدالحق ہاشمی رحمہ اللہ)

۱۲۔ نجات پانے والے فرقے کا عقیدہ (عبدالحق ہاشمی رحمہ اللہ)

## نظرثانی شدہ کتب

۱۔ اردو ترجمہ قرآن مجید از مولانا محمد ارشد کمال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



۲۔ صحیح ابن خزیمہ (ترجمہ و شرح)

۳۔ مشکوٰۃ المصابیح (ترجمہ)

۴۔ حدیث اور خدام حدیث از میاں انوار اللہ

۵۔ الاسماء الحسنیٰ از میاں انوار اللہ

۶۔ المسند فی عذاب القبر از مولانا محمد ارشد کمال

۷۔ عذاب قبر، قرآن کی روشنی میں از مولانا ارشد کمال

۸۔ ذکر اللہ کے فوائد از پروفیسر عنایت اللہ مدنی

۹۔ حقانیت اسلام، از پروفیسر محمد انس

۱۰۔ تقلید کی شرعی حیثیت (تخریج و تحقیق شدہ) از جلال الدین قاسمی

۱۱۔ منکرین حدیث کی مغالطہ انگیزیوں کے علمی جوابات (تخریج و تحقیق اور اضافہ شدہ)

از جلال الدین قاسمی

۱۲۔ گناہوں کی معافی کے دس اسباب (تخریج و تحقیق اور تعلیقات کے ساتھ) از حافظ جلال الدین قاسمی

۱۳۔ اللہ تعالیٰ کی دس تاکیدی نصیحتیں (از حافظ جلال الدین قاسمی)

۱۴۔ سورۃ الاخلاص کا پیغامِ توحید (از حافظ جلال الدین قاسمی)

۱۵۔ آیت الکرسی اور عظمت الٰہی (از حافظ جلال الدین قاسمی)

۱۶۔ توبہ کا دروازہ (میاں انوار اللہ)

۱۷۔ اصولِ کرخی پر ایک نظر

۱۸۔ اسلامی عقائد۔ دو مسلمانوں کا مکالمہ (وارثان انبیاء)

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ



# قرآنی اور مستند

# مسنون اذکار و دعائیں

مکتبہ افکارِ اسلامی